(6 pages)

DECEMBER 2022 **U/ID 33279/ULF4A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

SECTION A – (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

۱۔ ع ''ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے'' اس شعر کا مصرع اولیٰ کیا ہے؟

۲۔ ع ''یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا'' اس کا مصرع اولیٰ کیا ہے؟

۳۔ غزل کی کوئی ایک خصوصیت بیان کیجئے۔

۴۔ کسی دو غزل گو شعراء کا نام بتائیے۔

۵۔ غزل کے پہلے شعر کو کیا کہا جاتا ہے؟

۶۔ رباعی میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

۷۔ ایک شعر میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

۸۔ ''بدلی کا چند'' کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

۹۔ کسی دو نظم نویس شعراء کے نام بتائیے۔

۱۰۔ غالب کا پورا نام کیا ہے؟

۱۱۔ ''شکوہ'' کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

۱۲۔ علامہ اقبال کی لکھی ہوئی کسی دو نظموں کا نام بتائیے۔

SECTION B – (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے کسی پانچ اشعار کی صنف وشاعر کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

۱۳۔ عہد جوانی رو رو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند
یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا

۱۴۔ شمع کی مانند ہم اس بزم میں
چشم نم آئے تھے، دامن تر چلے

۱۵۔ ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ
ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے

۱۶۔ دل ہی تو ہے نہ سنگ وخشت، درد سے بھر نہ آئے کیوں
روئیں گے ہم ہزار بار، کوئی ہمیں ستائے کیوں

۱۷۔ وصال کو ہم ترس رہے تھے جو اب ہوا تو مزا نہ پایا
عدو کے مرنے کی جب خوشی تھی کہ اس کو رنج والم نہ ہوتا

۱۸۔ کیا لطف کہ میں اپنا پتہ آپ بتاوں
کیجے کوئی بھولی ہوئی خاص اپنی ادا یاد

۱۹۔ کو بہ کو پھیل گئی بات شنا سائی کی
اس نے خوشبو کی طرح میری پذیرائی کی

SECTION C – (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ہر جواب پانچ سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

۲۰۔ نظم ''بدلی کا چاند'' میں جوش ملیح آبادی نے کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟ وضاحت کیجئے۔

۲۱۔ اقبال کی نظم ''شکوہ'' اور ''جواب شکوہ'' کا محاکمہ کیجئے۔

۲۲۔ فیض احمد فیض کی نظم ''صبح آزادی'' کا خلاصہ بیان کیجئے۔

۲۳۔ ساحرلدھیانوی کی نظم 'تاج محل' میں کن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے؟ تنقیدی مضمون لکھئے۔

۲۴۔ ذیل کے عناوین میں سے کسی ایک پر سیر حاصل مضمون لکھئے :

(الف) شجر کاری کی اہمیت اور ضرورت

(ب) قومی یکجہتی

(ج) کورونا وائرس کی تباہ کاریاں
